قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الھدیٰ نیوز لیٹر

جنوری تا مئی 2023 ، رجب تا ذوالقعدہ 1444ھ | شمارہ 22

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص | امانت وصداقت | صبر واستقامت | خیر خواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

## حمد و ثنا

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمَلِكِ السَّلَامِ، الْمُؤْمِنِ الْمُهَيْمِنِ الْعَلَّامِ، شَارِعِ الْأَحْكَامِ، أَحْمَدُهُ سُبْحَانَهُ وَهُوَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ
وَالْمِنَنِ الْمُتَرَادِفَاتِ، وَالنِّعَمِ السَّابِغَاتِ

ہر قسم کی حمد اللہ کے لیے ہے، ہر قسم کی تعریف اللہ کے لیے ہے، جو حقیقی بادشاہ، سلامتی والا، نگہبان اور خوب علم والا، احکام کو مشروع کرنے والا ہے، میں اللہ سبحانہ کی حمد کرتی ہوں اور وہ بڑائی اور اکرام والا ہے، اور پے در پے احسانات کرنے والا ہے اور کامل نعمتوں کا عطا کرنے والا ہے۔

## وقت کو غنیمت جانیں

اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں میں سے زندگی ایک بہت بڑی نعمت ہے جو نعمت کے ساتھ ایک امتحان بھی ہے، اس لیے ہمیں اپنے وقت کو بہت سوچ سمجھ کر اور بہترین طریقے سے استعمال کرنا چاہیے۔
اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: " اور کیا ہم نے تمہیں اتنی عمر نہیں دی تھی کہ جو اس میں نصیحت حاصل کرنا چاہتا وہ کر سکتا تھا اور تمہارے پاس ایک ڈرانے والا بھی آیا تھا۔ پس چکھو (عذاب)، ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہے۔" [سورۃ فاطر:37]
اگر ہم چاہیں تو اس مہلت زندگی میں سبق اور نصیحت حاصل کر سکتے ہیں لیکن ہم اپنے وقت کی قدر نہیں کرتے اور یہ بات بھول جاتے ہیں کہ ہم اس دنیا میں صرف ایک بار آئے ہیں اور ہماری واپسی اللہ ہی کی طرف ہے۔ لہٰذا ہمیں چاہیے کہ اس وقت سے صحیح فائدہ اٹھاتے ہوئے وہ عمل کریں جو نہ صرف دنیا کی زندگی بلکہ آخرت میں بھی فائدہ مند ہوں۔
زندگی کا ایک ایک لمحہ قیمتی ہے، جو لمحہ بیت گیا وہ بیت گیا وہ واپس نہیں آئے گا، دنیا میں قدم رکھتے ہی واپسی کا سفر شروع ہو جاتا ہے۔ بچپن ناسمجھی کی عمر ہوتی ہے اور اس کے بعد کئی سال دنیاوی پڑھائی میں لگ جاتے ہیں۔ زندگی کا بہترین عرصہ ہماری دنیا کی مصروفیت کی نظر ہو جاتا ہے اور جب دین سیکھنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے تو عمر کی عصر ہو چکی ہوتی ہے۔ مشکل سے فرائض ہی ادا ہو پاتے ہیں۔ لہٰذا ہمیں چاہیے کہ دین کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے زندگی کا بہترین وقت لگائیں۔ اسی طرح اگر ہم ہر کام خالص نیت کے ساتھ اور سنت کے طریقے پر کریں تو ہمارا کھانا پینا، سونا جاگنا، لین دین وغیرہ سب عبادت بن جاتے ہیں اور اوائل عمر سے شروع کیے گئے نیک اعمال طویل المدت ہوتے ہوئے زیادہ ثواب کا حق دار بناتے ہیں۔
نبی کریم ﷺ نے فرمایا: " دو نعمتیں ایسی ہیں جن کے بارے میں اکثر لوگ خسارے میں ڈالے گئے ہیں، صحت اور فراغت۔" [صحیح البخاری:6412]
اس لیے ان دو نعمتوں صحت اور فراغت سے فائدہ اٹھائیں اور ان کو بہترین کاموں میں استعمال کریں جو آخرت میں نجات کا باعث ہوں۔
ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی ﷺ نے ایک شخص کو نصیحت کی کہ: " پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت جانو، جوانی کو بڑھاپے سے پہلے، صحت کو بیماری سے پہلے، مالداری کو فقیری سے پہلے اور فراغت کے وقت کو مصروفیت سے پہلے اور زندگی کو موت سے پہلے غنیمت جانو۔" [المستدرك للحاكم:7916]
ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی اس مہلت وقت سے آخرت کما لیں کیونکہ آج عمل کا وقت ہے اور کل آرام کا۔
اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: (جنت والوں سے کہا جائے گا) " کھاؤ پیو اور مزے کرو ان اعمال کے بدلے جو تم نے گزشتہ دنوں میں کیے" [الطور:19]

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

# ایڈیٹر نوٹ

استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کا 24 نومبر 2022 کو اسلام آباد سے شروع ہونے والا علمی سفر پنجاب، سندھ اور خیبر پختون خواہ کے چھوٹے بڑے شہروں میں علم آگہی کے نور سے لوگوں کے دلوں کو منور کرتا، خیر پھیلاتا ہوا 11 مارچ 2023 کو اسلام آباد واپس پہنچا۔ اس سفر کی جنوری تک کی مختصر روداد گزشتہ شمارے میں پیش کی جا چکی ہے۔ اس سفر کے حوالے سے فروری اور مارچ تک کی تفصیلات موجودہ شمارے میں پیش کی جا رہی ہیں۔ استاذہ کے علمی سیشنز پروگرام کے مطابق اسلام آباد سے 3 مئی 2023 تک جاری رہے۔ صحیح البخاری کی کلاسز کے دوران محدثین کے بارے میں نہایت ایمان افروز حقائق جاننے کا موقع ملا جو قابل تقلید ہیں۔ اس مرتبہ رمضان کی رحمتوں اور برکتوں سے فیض یاب ہونے کے ساتھ ساتھ استاذہ محترمہ کے "قصص القران" کے دروس سے تزکیہ نفس اور تربیہ کے مواقع میسر آئے۔ الھدیٰ اسلام آباد میں حسب معمول تراویح اور اعتکاف کا اہتمام بھی کیا گیا۔ معتکفین کو استاذہ محترمہ کے درس کو روبرو سننے کا موقع ملا جس سے ان میں قرآن سیکھنے اور سمجھنے کا شوق بڑھ گیا اور کچھ لوگوں نے کورسز میں داخلہ لینے کا ارادہ کیا۔ معتکفین کے لیے سحری وافطاری اور آخری دس راتوں میں قیام اللیل کا اہتمام کیا گیا۔ رمضان کے دوران قیام وطعام کے عمل کو بہترین طریقے سے انجام دینے میں منتظمین کی کاوشیں قابل تحسین رہیں۔ شعبہ خدمت خلق کے تحت مستحق افراد میں رمضان راشن کی تقسیم، افطاری کے اہتمام اور فلاح وبہبود کے دیگر کام حسب ضرورت تندہی سے انجام دیے جاتے رہے۔ اس حوالے سے بہتری کے مزید منصوبے بھی زیر غور ہیں۔ الھدیٰ انٹرنیشنل استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کی راہ نمائی میں ہمہ وقت عوام الناس کی دینی اور دنیاوی بھلائی کے لیے کوشاں ہے۔ ہماری اس کوشش میں آپ کا تعاون شامل ہے جس کے لیے ہم شکر گزار ہیں۔

طاہرہ خان

## علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ

## کانووکیشن تقریبات

### لاہور "کنتم خیر امۃ"

27 فروری 2023 کو ایوان اقبال کمپلیکس میں الھدیٰ لاہور ریجن کی کانووکیشن کی پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ قابل صد احترام استاذہ محترمہ کی موجودگی اور کانووکیشن کی تقریب، ان دو خوشیوں کا یکجا ہو جانا اللہ کا خاص انعام بن گیا۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی مدد سے لاہور ریجن نے تعلیمی سفر میں 25 سال کا عرصہ مکمل کیا۔ تقریب کا موضوع "کنتم خیر امۃ" تھا۔ فارغ التحصیل ہونے والی 385 طالبات کو اسناد دی گئیں۔ کانووکیشن کی خاص بات تین نابینا طالبات ہیں جنھوں نے اس ظاہری معذوری کے باوجود قرآن حکیم کا کورس نہ صرف مکمل کیا بلکہ اس سے جڑے رہنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ الھدیٰ لاہور کے 25 سال مکمل ہونے کی رپورٹ پیش کی گئی جس میں 1997 سے لے کر 2021 تک قائم ہونے والی برانچز اور صوت القرآن کلاسز کے بارے میں بتایا گیا۔ پروگرام کے آخر میں استاذہ محترمہ نے "خیر امۃ" کی اہمیت وفضیلت کے موضوع پر نہایت پُرتاثیر درس دیا۔



### پشاور "خیر الناس من ینفع الناس"

6 مارچ 2023 کو پشاور ریجن نے شیراز گیدرنگ ہال میں کانووکیشن کا اہتمام کیا جس کا موضوع "خیر الناس من ینفع الناس" تھا۔ یہ خیبر پختون خواہ کی 22 سال کے بعد پہلی کانووکیشن تھی۔ شرکاء کی تعداد تقریباً 2000 تھی۔ استاذہ محترمہ اور دیگر معزز مہمانوں کو الھدیٰ میں ہونے والی تعلیمی سرگرمیوں اور فلاحی کاموں سے آگاہ کیا گیا۔ استاذہ محترمہ نے کانووکیشن کے موضوع پر بات کرتے ہوئے یاد دہانی کروائی کہ "امت مسلمہ بہترین امت ہے جو لوگوں کی بھلائی کے لیے پیدا کی گئی"۔ اس ضمن میں تمام انبیاء اور خصوصی طور پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی لوگوں میں خیر بانٹنے کی عظیم مثال ہے۔ استاذہ محترمہ نے راہ نمائی کرتے ہوئے بتایا کہ ہم روزمرہ کے کاموں میں دوسروں کے لیے کس طرح مفید بن سکتے ہیں۔ ریجنل کوآرڈینیٹر قرۃ العین خان نے کے۔ پی۔ کے اور بلوچستان ریجن میں الھدیٰ کے قیام اور اس کے مشن کے حصول کے لیے کی گئی کوششوں اور نصابی اور فلاحی سرمیوں کا جائزہ پیش کیا۔



### کراچی "فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ"

16 فروری 2023 کو ڈیفنس انسٹیٹیوٹ کراچی میں کانووکیشن کا اہتمام کیا گیا جس کا موضوع "فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ" تھا۔ استاذہ محترمہ نے طالبات کو مبارک باد اور دعائیں دیں اور انہیں علم کے راستے پر آگے بڑھتے رہنے کی نصیحت کی۔ اس موقع پر صحیح بخاری سے کتاب الاحکام کی احادیث پڑھا کر حدیث کی برکت کے فوائد بتائے۔ 1150 طالبات نے تعلیم القرآن، تعلیم دین، تعلیم الحدیث، بخاری کورس، تدبر القرآن، تعلیم التجوید، صوت القرآن، فہم القرآن، فقہ القلوب، خطاطی اور خط وکتابت کورسز میں اسناد وصول کیں۔

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب




اس سال ماہ رمضان میں استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے الھدیٰ اسلام آباد میں "قصص القرآن" کے نام سے قرآن مجید میں مذکور انبیاء علیہم السلام کے کچھ قصوں کو تدبر اور غور وفکر کے ساتھ نہایت تفصیل سے بیان کیا۔ طالبات اور دیگر سامعین نے نہ صرف ہر قصے سے عملی زندگی کے لیے اسباق اخذ کیے بلکہ قرآن مجید کی آیات کو گہرائی سے سیکھنے کی حکمت کو بھی جانا۔ تمام دروس استفادہ عام کے لیے درج ذیل لنک پر موجود ہیں:

https//:shorturl.at/efilv

## حسن صحت کورس

الھدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد کے تحت 4 مئی 2023 سے ایک ہفتہ وار کورس کا آغاز کیا گیا ہے۔ اس میں قرآن وسنت کی روشنی میں جدید طبی تحقیق پر مبنی جسمانی، ذہنی اور روحانی صحت کی حفاظت کے بارے میں آگہی دی جائے گی۔ طالبات کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے طرز زندگی، آپ کے معمولات، غذائی عادات، سونا جاگنا صحت اور بیماری کے بارے میں راہ نمائی دی جائے گی تا کہ وہ اس طرز زندگی کو اپنا کر اپنی اور گھر والوں کی صحت کو برقرار رکھ سکیں۔ اس کے علاوہ بیماری کی صورت میں دوا اور علاج کے اصول، نفسیاتی اور روحانی بیماریوں سے بچاؤ اور علاج، زچہ و بچہ کی دیکھ بھال، ورزش کے طریقے، گھروں میں بوڑھے افراد، اسپیشل بچوں اور دیگر مریضوں کی دیکھ بھال اور ابتدائی طبی امداد کے حوالے سے ورک شاپس کروائی جائیں گی۔

## الھدیٰ انٹرنیشنل سکول ٹاپ سٹی کے سنگ بنیاد کی تقریب



24 مارچ 2023 کو الھدیٰ انٹرنیشنل اسکول کے سنگ بنیاد کی تقریب سادگی کے ساتھ منعقد ہوئی۔ تلاوت قرآن پاک سے آغاز ہوا، اس کے بعد ڈائریکٹر الھدیٰ انٹرنیشنل اسکول عاطف اقبال صاحب نے الھدیٰ کے اس نئے پروجیکٹ پر بریفنگ دی۔ انہوں نے نئے کیمپس کے نقشہ جات کی وضاحت کی اور بتایا کہ نئے کیمپس میں کیا خصوصی سہولیات ہوں گی۔ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے دوسرے محترم ممبران کے ساتھ مل کر اس نئی جگہ پر درخت لگایا۔ اس بابرکت تقریب میں استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی، استاذ ڈاکٹر ادریس زبیر کے علاوہ الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن اور AIS کی سینئر سٹاف ممبران نے شرکت کی۔ دعا ہے کہ یہ نیا کیمپس جلد بہترین انداز میں مکمل ہو اور امت کے لیے بے پناہ خیر پھیلانے کا ذریعہ بنے۔ آمین

## ایکسپو کتاب میلہ میں الھدیٰ لاہور کی شرکت

مارچ میں لاہور میں پانچ دنوں کے لیے ایکسپو بک فیئر کا انعقاد ہوا جس میں الھدیٰ لاہور کی طالبات اور سٹاف ممبران نے بھرپور شرکت کی۔ میلے کے شرکاء میں تقریباً 9000 دعا کارڈز اور پمفلٹس مفت تقسیم کیے گئے۔ بچوں میں تقریباً 200 سے زائد عبادت ٹریکر اور صلاۃ چارٹ تقسیم کیے گیے۔ اس کے علاوہ بچوں کو دودھ اور کھجوریں، احادیث کے بک مارک اور پھول بطور انعام دیے گئے اور مختلف سرگرمیاں بھی کروائی گئیں۔

**فیڈ بیک:** اسٹاف ممبران کی حوصلہ افزائی کرنے پر تقریباً 500 سے زائد خواتین اور بچیوں نے اپنے فون نمبر لکھوائے اور الھدیٰ کے کورسز جوائن کرنے کا ارادہ ظاہر کیا۔

**لائحہ عمل:** خواتین کا واٹس ایپ گروپ بنایا گیا، جس کے ذریعے سے استاذہ کے مختلف کورسز کی آڈیو شیئر کی جاتی ہیں اور الھدیٰ میں ہونے والے آن لائن اور آن کیمپس کورسز کے بارے میں راہ نمائی کی جاتی ہے۔






## حافظہ آمنہ کلیم کا اعزاز

حافظہ آمنہ کلیم AIS گریڈ 8 کی طالبہ ہیں انہوں نے AIS سے ہی اپنا حفظ مکمل کیا دوران حفظ انہوں نے محکمہ اوقاف کی طرف سے ہونے والے مقابلہ حفظ القرآن میں سکول کے پلیٹ فارم سے شرکت کی اور اول پوزیشن حاصل کی۔ سابقہ مقابلے کا فائنل 23 فروری بروز جمعرات کو وزارت مذہبی امور کی طرف سے منعقد ہوا۔ اس میں تمام صوبوں اور فیڈرل سے تعلق رکھنے والے تمام پوزیشن ہولڈرز نے شرکت کی اور آمنہ کلیم نے اس قومی مسابقہ میں سوم پوزیشن حاصل کی۔ اس موقع پر انہیں وزارت مذہبی امور کی طرف سے اعزازی سرٹیفکیٹ، شیلڈ اور پچاس ہزار روپے نقد انعام دیا گیا۔ یاد رہے کہ تمام مشارکین میں آمنہ کلیم نو عمر طالبہ ہیں جنہیں یہ اعزاز ملا۔ آمنہ کلیم کی ایک اور بہن بھی الھدیٰ سے حفظ القرآن مکمل کر چکی ہیں اور دوسری بہن اور بھائی ایک ہی شعبہ حفظ میں زیر تعلیم ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالی اس خاندان کی قرآن سے محبت قبول فرمائے اور ان کو ادارے، والدین اور اساتذہ کرام کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین



## کمپیوٹر ٹریننگ

جدید ٹیکنالوجی سے مستفید ہونے کے لیے الھدیٰ کی مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے تحت فروری 2023 سے اسلام آباد ہیڈ آفس میں اسٹاف ممبران کے لیے کمپیوٹر ٹریننگ کا بصری پروگرام شروع کیا گیا ہے۔ اب تک 90 سے زائد اسٹاف ممبران اس بصری ٹریننگ کے ذریعے ایم ایس آفس پروگرام، کمپیوٹر آپریٹنگ سسٹم اور انٹرنیٹ کا استعمال مکمل کر چکی ہیں، جس سے ان کی کارکردگی بہتر ہوئی ہے۔ زیر تعمیر کمپیوٹر لیب تیار ہونے کے بعد سٹاف ممبران کو کمپیوٹر کے زیر استعمال سوفٹ ویئر کی عملی ٹریننگ بھی دی جائے گی۔

# کاروان علم ہے رواں دواں




استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی اور ڈاکٹر ادریس زبیر نے اپنے تعلیمی سفر کو جاری رکھتے ہوئے پاکستان کے دیگر شہروں کا دورہ کیا اور مفید موضوعات پر دروس کا سلسلہ مارچ تک جاری رہا۔ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کے دروس کی جنوری تک کی تفصیلات گزشتہ شمارے میں پیش کی جا چکی ہیں۔مزید تفصیلات درج ذیل ہیں:

**سکھر:** 4فروری2023(شام) مہران بزم ادب وثقافت میں ایک علمی نشست کا اہتمام، سلیم آڈیٹوریم

4فروری2023 لیکچر" توکل کیجیے" کلچر کمپلیکس

4فروری2023" سویٹ ہوم کا وزٹ"، پاکستان سویٹ ہوم

5فروری2023(صبح) لیکچر"مسلم امہ" آڈیٹوریم سکھر آئی بی اے یونیورسٹی

**شکارپور:** 5فروری2023(شام) لیکچر" بلند مرتبے، اخلاق والوں کے لیے" شیخ ہاؤس بالمقابل ایس پی ہاؤس بگاری روڈ

6فروری2023" آرائیں گاؤں کا وزٹ"، آرائیں گوٹھ مادیجی

**لاڑکانہ:** 5فروری2023(شام) لیکچر" صبر صرف اللہ کے لیے" سچل بنکیوئٹ ہال

6فروری2023(شام) لیکچر" دوسروں کے حقوق جانیں اور پہچانیں"

7فروری2023(صبح) لیکچر" نوجوان اور اس کا کردار" کیڈٹ کالج

8فروری2023(دوپہر) لیکچر" اسلام میں ادب کی اہمیت"، پرانی مال پڑی گریڈ اسٹیشن مورو

8فروری2023(شام) لیکچر" امام بخاری کا مختصر تعارف" غزالی ہال ہالہ نیو سندھ

**حیدرآباد:** 8فروری2023 لیکچر" معاف کرو، خوش رہو"

9فروری2023 لیکچر" طب سے متعلق اسلامی راہنمائی"

9فروری2023 لیکچر" دس وصیتیں" جامشورو

10فروری2023 لیکچر" ہم اس دنیا میں کیوں بھیجے گئے؟" میرپور خاص

10فروری2023 لیکچر" خسارے سے بچنے والے اعمال"

11فروری2023 لیکچر" مسلمان عورت کا مثالی کردار" ماتلی

12فروری2023(صبح) فقہ القلوب، انڈس ہوٹل

13فروری2023(صبح) لیکچر" خلق الموت والحیاۃ لیبلوکم ایکم احسن عملا"، ایل پی بروہی سکول امید موٹنک بھوانی

**بلوچستان:** 13فروری2023(شام) لیکچر" نیکی کے کام"، گورنمنٹ گرلز میڈل سکول حب

**کراچی:** 13فروری2023 لیکچر" کوئی چیز بے مقصد نہیں"

14فروری2023 تا 16فروری2023(صبح)" صحیح البخاری کتاب الاحکام"، ڈی ایچ اے کیمپس

14فروری2023(دوپہر)" AIS کے سٹاف کے ساتھ میٹنگ" ڈی ایچ اے کیمپس

14فروری2023(شام) لیکچر" احسان کی خوبصورتی"، فنشنگ سکول کارساز

14فروری2023(شام) لیکچر" مومن عورتوں کے کردار اور ان کی صفات"، روبینہ سومرو ہاؤس

15فروری2023،(صبح)" صحیح البخاری کتاب الاحکام"، ڈی ایچ اے انسٹیٹیوٹ

16فروری2023(صبح) کانووکیشن،" صحیح البخاری کتاب الاحکام" ڈی ایچ اے انسٹیٹیوٹ

16فروری2023،(شام) لیکچر" موت اور آخرت پر درس"، ڈی ایچ اے

17فروری2023(صبح)" فقہ القلوب"، ڈی ایچ اے کیمپس

17فروری2023،(شام) لیکچر" شوہر اور بیوی کے حقوق اور ذمہ داری"، ڈی ایچ اے

18فروری2023،(صبح) لیکچر" نرمی"، حورین بنکیوئٹ نارتھ ناظم آباد

18فروری2023،(شام) لیکچر" سورۃ الاعلی پر درس"، نارتھ ناظم آباد

20فروری2023،(صبح) لیکچر" تقوی کی زندگی کامیابی کی زندگی"، NED یونیورسٹی، سید محمود عالم آڈیٹوریم

20فروری2023،(دوپہر) لیکچر" پریشانیوں سے کیسے نمٹیں"، IBA انسٹیٹیوٹ

20فروری2023،(شام) لیکچر" ازدواجی تعلقات"

21فروری2023(صبح)" صحیح البخاری کتاب الاحکام"

# کاروان علم ہے رواں دواں

## استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کے علمی سیشنز کی تفصیل

21 فروری 2023 (صبح) لیکچر "حصول علم کی طلب"، العلم انسٹیٹیوٹ

21 فروری 2023 (دوپہر) خواتین کلب انسٹیٹیوٹ کے سٹاف کے ساتھ میٹنگ

21 فروری 2023 (شام) سراج الدولہ برانچ و ہاسٹل سٹاف اور بنیادی تعلیمی پروگرام کے سٹاف کے ساتھ میٹنگ

21 فروری 2023 (شام) سراج الدولہ برانچ کے تمام کورسز کے طالبات کے ساتھ میٹنگ

22 فروری 2023 (صبح) لیکچر "مقصد حیات اور احسن عمل" ڈگری کالج فار ویمن DHA

22 فروری 2023 (دوپہر) ویلفیئر ٹیم کے ساتھ میٹنگ، ڈی ایچ اے

22 فروری 2023 (شام) آن لائن غسل میت ٹیم کے ساتھ میٹنگ اور خصوصی درس، ڈی ایچ اے

23 فروری 2023 (صبح) آن لائن لیکچر "how to follow a life based on moral and ethical values"، ڈی ایچ اے کالج فار ویمن

23 فروری 2023 (شام) پرائیوٹ لیکچر "احسان کیجیے"، Royal Rodale club Auditorium

24 فروری 2023 (صبح) "فقہ القلوب۔ وظيفة العقل البشری"، ڈی ایچ اے انسٹیٹیوٹ

24 فروری 2023 (دوپہر) لیکچر "میرا علمی سفر"، رول ماڈل انسٹیٹیوٹ

25 فروری 2023 (صبح) "صحیح بخاری کتاب الاحکام"، ڈی ایچ اے انسٹیٹیوٹ

25 فروری 2023 (دوپہر) لیکچر "زندگی میں برکت"

**لاہور:** 27 فروری 2023 (شام) "خصوصی لیکچر" ایڈیٹوریم، شیخ زاید اسلامک سینٹر یونیورسٹی آف پنجاب

27 فروری 2023 (صبح) "کانووکیشن" اعوان اقبال

28 فروری 2023 (صبح) خصوصی لیکچر، پنجاب گرلز کالج

1 مارچ 2023 (صبح) کانووکیشن، پھول نگر

2 مارچ 2023 (صبح) لیکچر "خصوصی لیکچر"، گورمانی فاؤنڈیشن گلبرگ 2

**قصور:** 1 مارچ 2023 (شام) خصوصی لیکچر، رائے ونڈ فارم ہاؤس

**اسلام آباد:** 4 مارچ 2023 "فقہ القلوب"

**پشاور:** 5 مارچ 2023 الھدیٰ انٹرنیشنل اسکول (AIS) سٹاف کے ساتھ میٹنگ "زندگی کا مقصد"

5 مارچ 2023 کے پی کے الھدیٰ اسٹاف میٹینگ "الھدی کا مقصد"

5 مارچ 2023 فرینڈز آف الھدیٰ کے ساتھ ملاقات "اصل زندگی آخرت کی زندگی"

5 مارچ 2023 خصوصی لیکچر "مریض کی عیادت" خیبر میڈیکل کالج

7 مارچ 2023 کاؤنیوکیشن لیکچر "فائدہ مند انسان/خير الناس میں ینفع الناس" شیراز گیدرنگ

7 مارچ 2023 وزٹ سیکاس یونیورسٹی، لیکچر "دلوں کی اصلاح"

**کوہاٹ:** 7 مارچ 2023 لیکچر "تقویٰ کا حصول"

**مردان:** 8 مارچ 2023 خصوصی لیکچر "اسلام میں عورتوں کے حقوق" وومن یونیورسٹی

8 مارچ 2023 خصوصی لیکچر "دین اسلام مکمل ضابطہ حیات" گرلز کیڈٹ کالج

8 مارچ 2023 خصوصی لیکچر "سچے مومن کون؟" طورو

**صوابی:** 9 مارچ 2023 لیکچر "زندگی کا مقصد"، گورنمنٹ گرلز کالج کرنل شیر خان

9 مارچ 2023 لیکچر "ہر رخ کی زندگی"، فریدہ فارم ہاؤس یار حسین

**اٹک:** 10 مارچ 2023 لیکچر "رب هب لی حكما والحقنی بالصالحين / ابراہیم کی دعا"، وزٹ کامرہ

10 مارچ 2023 "خصوصی لیکچر" مهیر امارکی

10 مارچ 2023 "تکمیل قرآن و خصوصی لیکچر" نزد سلطانیہ میرج ہال خالو غازی، تربیلا

**واہ کینٹ:** 11 مارچ 2023 لیکچر "خیر اُمة"

11 مارچ 2020 "تکمیل قرآن و خصوصی لیکچر" کلاسک مارکی







علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ




## الھدیٰ نارتھ ریجن

**استقبالِ رمضان پروگرام:** استاذہ محترمہ کے استقبالِ رمضان پروگرام کے سلسلے میں راولپنڈی (ایکسپریس وے، نوال)، اینکریج اور گلبرگ گرین میں لیکچرز کا انعقاد ہوا۔

**دورہ قرآن:** الھدیٰ نارتھ ریجن (راولپنڈی، اسلام آباد دیگر علاقے) مختلف علاقوں/ برانچز میں دورہ قرآن کی تعداد 550

- آن لائن: 500
- زوم لنک کے ذریعے کروائے جانے والے: 50
- بذریعہ واٹس ایپ (استاذہ صاحبہ کی ریکارڈنگ) بھی دورہ قرآن کے اسباق شیئر کیے گئے۔

**دیگر رمضان پروگرام:** بچوں کے لیے ناظرہ کلاس کا اہتمام۔

- قصص القرآن لیکچرز (ریکارڈنگ واٹس ایپ گروپ کے ذریعے) سنوائے گئے۔

**قصص القرآن پروگرام میں شرکت:** الھدیٰ اسلام آباد میں استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کی لائیو کلاس میں نارتھ ریجن کا سٹاف، طالبات اور دیگر مہمانِ گرامی شریک ہوئے جن کی مجموعی تعداد 3533 تھی۔

## خیبر پختون خواہ

ریجنل آفس خیبر پختون خواہ کے زیر نگرانی بہت سے رمضان پروگرام کروائے گئے جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

- **استقبالِ رمضان لیکچرز:** وومن یونیورسٹی مردان، گرلز کیڈٹ کالج، الف کالج، مرسی ہاسپٹل کے علاوہ دیگر مقامات پر ہوئے۔
- **دورہ قرآن:** 200 مقامات پر کروایا گیا۔
- **کورسز:** قصص القرآن، قرآن کے موتی، نماز کی اصلاح، قریب مجیب، کتاب الطہارہ، کتاب الزکوۃ، روزوں کے مسائل اور تجوید کورس کروائے گئے۔
- زوم پر آن لائن ٹرانسمشن کے ذریعے اردو، انگریزی اور پشتو میں لیکچرز شیئر کیے گئے۔
- سوشل میڈیا گروپس: واٹس ایپ، ٹیلی گرام، فیس بک پر 600 گروپس کے ذریعے دورہ قرآن، قصص القرآن کے لیکچرز اور دیگر مفید معلومات شیئر کی گئیں۔
- بچوں کے لیے بھی خصوصی رمضان پروگرام مرتب کیے گئے۔
- مقامی اخبارات میں استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے آرٹیکلز چھپوائے گئے۔
- بہت سے مقامات پر نمازِ تراویح کا اہتمام کیا گیا۔
- مساجد، مدارس، ہسپتالوں اور دیگر مقامات پر روزانہ افطاری کا بندوبست کیا گیا۔
- 1000 کی تعداد میں قرآن مجید کے نسخے تقسیم کیے گئے۔
- یتیم بچوں میں عید گفٹ بیگ اور دیگر مستحق افراد میں عید کیش بھی تقسیم کیا گیا۔

## لاہور

- لاہور ریجن کے زیر اہتمام رمضان المبارک میں تقریباً 765 دورہ قرآن کروائے گئے، جن سے تقریباً 30,384 خواتین نے استفادہ کیا۔
- دورہ قرآن مقامات پر 46,726 دعا کارڈز تقسیم کئے گئے۔
- دنیا اخبار میں "شہر رمضان" سے مختلف موضوعات کی اشاعت کروائی گئی۔
- **فیڈ بیک:** دورہ قرآن کے بعد بہت سی خواتین نے مزید دینی تعلیمات حاصل کرنے کا فیصلہ کیا جس کے بعد ریگولر قرآن کلاسز شروع کروانے کا ارادہ کیا۔

## کراچی

رمضان کے بابرکت مہینہ میں الھدیٰ کراچی ریجن میں مختلف پروگرامز کروائے گے جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

- 149 مقامات پر استقبالِ رمضان کے پروگرامز ہوئے۔ جن میں شرکاء کی تعداد 5,077 رہی۔

**دورہ قرآن پروگرامز:**

1- لائیو دورہ قرآن کراچی ریجن کے تحت 153 وینیوز پر لائیو دورہ قرآن کروائے گے، جس کو 3,078 خواتین نے سننے کی سعادت حاصل کی۔

2- آئن لائن زوم ٹرانسمیشن زوم ایپ کے ذریعے صبح 6:45 سے رات 1:00 بجے تک دورہ قرآن (اردو/ انگریزی)، تجوید کلاسز، قصص القرآن، فقہ العباد پر مشتمل لائیو اور ریکارڈڈ لیکچرز نشر کیے گئے۔ مرد حضرات کے لیے ڈاکٹر ادریس زبیر کا ریکارڈڈ دورہ قرآن اور لائیو کلاس کا بھی اہتمام کیا گیا جو زوم ٹرانسمیشن کو 1,929 لڑکیوں، خواتین، مرد حضرات اور بچوں نے اٹینڈ کیا۔

3- واٹس ایپ پر دورہ قرآن 8 پروگرامز کو متعارف کروایا گیا۔

**دیگر رمضان پروگرامز:** بچوں کے لیے رمضان چلڈرن پروگرام بھی کروایا گیا جس میں 2162 لوگوں نے شرکت کی۔

**رمضان پروڈکٹس کی تقسیم:** استاذہ فرحت ہاشمی کے ریکارڈڈ لیکچرز کے ذریعے بھی 17 رمضان پروگرام اور دورہ قرآن کروائے گئے جس میں 91 خواتین نے حصہ لیا۔

**آئی کیئر کلب سروس (I care club):** ڈی۔ایچ۔اے کے تعلیم القرآن (انگریزی) کی طالبات نے " آئی کیئر کلب" قائم کیا، جس کے تحت انہوں نے یتیم خانہ میں 35 بچوں کے افطار اور طعام کا انتظام کیا۔

**آخری عشرہ کے پروگرام:** ڈی۔ایچ۔ای انسٹیٹیوٹ نے آخری عشرے میں قیام اللیل کا اہتمام کیا جس میں تقریباً 200 سے زائد خواتین مستفید ہوئیں۔

**تراویح پروگرام:** ڈی۔ایچ۔اے اور نارتھ ناظم آباد انسٹیٹیوٹ میں تراویح کا اہتمام کیا گیا جس میں 400 سے زائد خواتین و حضرات نے شرکت کی۔

# خدمتِ خلق

Al-Huda Cares!

الہدیٰ گزشتہ کئی سالوں سے انسانوں کی دینی اور دنیوی دونوں طرح کی خدمت کے لیے سرگرم عمل ہے۔ راشن کی تقسیم ہو یا مشکل حالات میں متاثرین اور مستحقین کی مدد، یہ سب کچھ انسانیت کے جذبہ وخدمت سے سرشار الہدیٰ ٹیم اور مخیر حضرات کے تعاون سے ہی ممکن ہوتا ہے۔

## افطاری پروگرام

رمضان المبارک میں الہدیٰ کے تمام ریجنز کے تحت مستحق افراد کے لیے افطاری کا انتظام کیا گیا، جس سے کثیر تعداد میں لوگ مستفید ہوئے۔

## فراہمی آب

فراہمی آب پراجیکٹ کے تحت تونسہ شریف کی 5 بستیوں میں 3 سمرسیبل (submersible) پمپ اور 2 ہینڈ پمپس لگوائے گئے جن سے 2900 سے زائد لوگ مستفید ہو رہے ہیں۔

## لاہور ریجن میں میڈیکل کیمپس کا انعقاد

صحت عامہ سروس کے تحت لاہور کے مختلف علاقوں میں 6 میڈیکل کیمپس لگائے گئے جن میں 2000 سے زائد مستحق افراد کو علاج معالجہ کی مفت سہولت اور ادویات فراہم کی گئیں۔

## سیلاب متاثرین کی بحالی کے اقدامات

سیلاب متاثرین کی بحالی پروگرام کے تحت ہر ریجن کو 19، 19 گھر تعمیر کر کے دینے کی منظوری دی گئی تھی جس کے تحت تونسہ شریف میں سیلاب متاثرین کی بحالی و آبادکاری کے لیے منہدم شدہ چھتوں کی تعمیر کی گئی۔ کراچی میں پہلے فیز میں 09 گھر مکمل کر کے چابیاں مالکان کے حوالے کر دی گئیں ہیں۔ باقی 10 گھر دوسرے فیز میں مکمل کیے جائیں گے۔ روجھان مزاری میں 19 گھر تکمیل کے مراحل میں ہیں۔

## رمضان راشن کی تفصیلات

| ریجن | راشن بیگ | مستفید افراد |
|---|---|---|
| کراچی اور سندھ کے دیہی علاقہ جات | 800 | 4800 |
| ملتان | 800 | 4800 |
| رحیم یار خان | 300 | 1800 |
| عبدالحکیم | 250 | 1500 |
| کے پی کے | 800 | 4800 |
| نارتھ ریجن (راولپنڈی ومضافات) | 835 | 5010 |
| لاہور | 765 | 4590 |
| اٹک | 250 | 1500 |
| سیالکوٹ | 200 | 1200 |
| کُل تعداد | 5000 | 30000 |

## غسل میت و تکفین ٹریننگ سیشنز

لاہور ریجن میں مسنون غسل میت و تکفین سروس کے ذریعے عوام الناس کے لیے 66 ٹریننگ سیشنز منعقد کروائے گئے جن میں سے 2 آن لائن اور 2 مرد حضرات کے لیے منعقد کیے گئے تھے۔ یہ سیشنز دورہ قرآن کروائے جانے والے مقامات پر خصوصاً اور چند مقامات پر عموماً بھی کروائے گئے۔ شرکاء کی تعداد 1656 سے زائد تھی۔ الحمدللہ ان تربیتی ورکشاپس کے نتیجے میں الہدیٰ کے تعلیمی پروگرامز میں داخلوں میں بھی اضافہ ہوا ہے۔

## سوشل ویلفیئر پروجیکٹس

- فراہمی آب — 12000 سے زائد افراد مستفید ہوئے
- مالی امداد — 552 خاندان
- سردی سے بچاؤ مہم — 8395 افراد مستفید ہوئے
- شیلٹر ہومز — 37 مکمل گھروں کی تعمیر، 73 گھروں کی مرمت
- مساجد کی مرمت — 3
- شجرکاری — 800 پودے لگائے گئے
- رمضان راشن — 5000 پیکس
- افطار — 12770 افراد مستفید ہوئے

## سوشل ویلفیئر سروسز

- تعلیمی امداد — 541 طلباو طالبات
- سکالرشپ — 1 طالب علم
- ماہانہ راشن — 968 پیکس
- طبی امداد — 1834 افراد مستفید ہوئے
- میڈیکل کیمپس — 15
- امداد برائے روزگار — 39 خاندان
- امداد برائے شادی — 46 افراد
- غسل میت وکفن — 494 میتیں
- غسل میت ٹریننگ — 88 افراد کو دی گئی
- ووکیشنل سنٹر — 150 افراد مستفید ہوئے
- قرض حسنہ — 2 مستحقین
- میرج بیورو — 155 رشتے طے ہوئے
- طعام المسکین پروجیکٹ — 8695 سے افراد مستفید ہوئے

**A/C Title:** Al-Huda International Welfare Foundation

A/C # 0104783594 (Rupee)

**IBAN AC #** PK13MEZN0003160104783594

**Branch Code:** 0316, Swift Code: MEZNPKKAGRD

Meezan Bank Ltd, E-11 branch Islamabad

**Donate Online:** https://www.alhudapk.com/donate.html

## سٹوڈنٹس کارنر

# عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

### نام ونسب

قبیلہ بنو ہذیل سے تعلق تھا ان کی والدہ ام عبد تھیں اس وجہ سے انہیں ابن ام عبد بھی کہتے تھے۔

### خاص خصوصیات

- سابقین اولین میں سے تھے یعنی شروع میں ہی ایمان لانے والوں میں سے تھے۔غزوہ بدر اور بعد کے معرکوں میں شرکت کی۔
- انہیں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کا شرف حاصل ہوا، آپ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جوتے سامان طہارت اور تکیہ وغیرہ ساتھ لے کر چلتے تھے۔
- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ان سے بہت محبت کرتے تھے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے یہاں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ذکر ہوا تو انہوں نے کہا میں ان سے ہمیشہ محبت رکھوں گا کیونکہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ چار اشخاص سے قرآن سیکھو۔عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، (آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابتداء عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہی کی) اور ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ کے مولیٰ سالم، ابی بن کعب اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہم سے۔

[صحیح بخاری فَضَائِلِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ: 3758]

- قرآن مجید کے بہت بڑے عالم/ ماہر اور بہت سمجھدار معلم تھے۔ان سے علم حاصل کرنے کے لیے شاگرد انتظار کرتے تھے۔
- قیامت کے دن میزان میں ان کی پتلی پنڈلیاں بھی تولی جائیں گی جو احد پہاڑ سے زیادہ وزنی ہوں گی۔ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے 70 سورتیں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنیں/سیکھیں۔
- قرآن مجید سے بہت شغف تھا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: ذرا قرآن تو مجھے سناؤ۔میں نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، آپ کو کیا سناؤں آپ پر تو قرآن اترا ہے (آپ سے بہتر کون پڑھ سکتا ہے)۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں سناؤ۔میں نے سورۃ النساء شروع کی۔جب اس آیت پر پہنچا فکیف اذا جئنا من کل امۃ بشھید آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بس کرو بس کرو۔میں نے دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔
- مدینہ میں تقریباً 70 سال کی عمر میں 32 ہجری میں ان کی وفات ہوئی۔
- انہیں تین چیزیں بہت پسند تھیں جنہیں پانے کے لیے انہوں نے دعا بھی مانگی۔

ایمان کا بڑھنا — جنت کا حصول — جنت میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ساتھ


الماس طاہر

# مثالی صبر

کراچی ایکسپریس کے اندوہناک حادثے نے ہر درددل رکھنے والے انسان کو غم زدہ اور رنجیدہ کیا۔اس حادثے میں ہماری الھدیٰ کی دیرینہ ساتھیوں حنا اور ہانیہ کی والدہ اور بچے خالق حقیقی سے جا ملے۔ہماری بہنوں کو جیسے ہی یہ خبر ملی تو انہوں نے اللہ سے اجر عظیم کی توقع رکھتے ہوئے الحمدللہ کہہ کر نہ صرف صبر جمیل کا عملی نمونہ پیش کیا بلکہ صحابیات کی درخشاں روایات کو بھی زندہ کیا بے شک صبر صدمے کی پہلی چوٹ پر ہی ہوتا ہے۔اور یہ صبر اور حوصلہ صرف اللہ کی سچی محبت، غیر متزلزل ایمان اور توکل سے ہی نصیب ہوتا ہے۔اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس ایمان افروز رویے اور صبر پر ان کو اجر عظیم سے نوازے اور فوت شدگان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔آمین

## سٹوڈنٹس کارنر

# تبصرہ کتاب "امثال القرآن"




قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے انسان کے طبعی رجحان کو مدنظر رکھتے ہوئے بہت سے موضوعات کو خوبصورت مثالوں سے سمجھایا ہے۔ان مثالوں پر مبنی استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے "امثال القرآن" کے نام سے دیے گئے دروس میں بہت گہرائی سے آیات میں غور وفکر اور عمل کے لیے مفید اسباق اخذ کیے گئے ہیں۔الھدیٰ پبلیکیشنز نے "امثال القرآن" کے نام سے ایک کتاب شائع کی ہے جس میں قرآن مجید کی مثالوں کے عربی متن کو اردو ترجمہ کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔اس کتاب کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں اضافی صفحات شامل کر کے ہر مثال کو ایک سبق کے طور پر مرتب کیا گیا ہے تا کہ طلباء اہم نکات کو نوٹ کر سکیں۔استاذہ محترمہ کے دروس کو گہرائی سے سمجھنے اور غور وفکر کرنے کے حوالے سے یہ کتاب قرآن کے طلباء کے لیے مفید ثابت ہوگی۔ان شاءاللہ

## الھدیٰ کی نئی مطبوعات




## اناللہ وانا الیہ راجعون

اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا اللَّهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الإِيمَانِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الإِسْلاَمِ اللَّهُمَّ لاَ تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلاَ تُضِلَّنَا بَعْدَهُ

الھدیٰ کی دیرینہ ساتھی مسز سلطان قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔انہوں نے استاذہ کے لیکچرز کو ریکارڈ کرنے اور اسلام آباد میں ان کیسٹس کو عام کرنے کی ابتدا کی تھی۔اللہ تعالیٰ ان کی دین کی راہ میں کی گئی کوششوں کو قبول فرمائے،انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔آمین۔

گائے (ایک حصہ) PKR.18,000 | گائے (پوری) PKR.126,000 | بکرا PKR.45,000


Rates in Foreign Currencies

| Nature | PKR | US $ | GBP | AED | SR | CAN $ | AUD $ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Goat | 45,000 | 160 | 130 | 590 | 600 | 215 | 240 |
| Cow Full | 126,000 | 455 | 371 | 1680 | 1715 | 630 | 700 |
| Cow Share | 18,000 | 65 | 53 | 240 | 245 | 90 | 100 |
| Camel | 180,000 | 650 | 530 | 2400 | 2450 | 900 | 1000 |

قربانی کے لیے اپنی رقم مندرجہ ذیل اکاؤنٹ میں جمع کروائیں اور بذریعہ ای میل تفصیلات سے آگاہ کیجیے۔

- A/C Title: Al-Huda International Welfare Foundation
- A/C No.: 0104783594
- Bank: Meezan Bank Ltd
- Branch Code: 0316 ▶ Swift Code: MEZNPKKAGRD
- IBAN No.: PK13MEZN0003160104783594

AL-HUDA International Welfare Foundation
7-A.K.Brohi Road H-11/4 Islamabad Pakistan
www.alhudapk.com | donations@alhudapk.com | +92 (51) 4866125-9




## عید الاضحیٰ کے موقع پر قربانی

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام

آپ سب کے تعاون سے سال 2022 میں ادارے نے پاکستان کے تمام صوبوں اور دور دراز علاقوں پنجاب،سندھ،کشمیر، خیبر پختونخواہ، بلوچستان میں اجتماعی قربانیاں تقسیم کیں۔جن کا گوشت تقریباً 111,690 سے زائد اُن مستحقین تک پہنچایا گیا جو سال ہا سال غربت کی وجہ سے گوشت خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے تھے۔ اس سال 2023 میں بھی مستحقین کے لیے قربانی کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔

ایڈیٹوریل ٹیم

سرپرست اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی — مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی

ایڈیٹر: طاہرہ خان — گرافک ڈیزائنر اینڈ کمپوزر: فریدہ اشرف، مریم مظہر

پروف ریڈرز: رفقہ اصغر، فرخ چوہدری، زبیدہ عزیز، یاسمین خاکوانی

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
کراچی: 59E خیابانِ سحر، فیز 6، ڈی ایچ اے | فون: 8-35171136 21 92+
ای میل: reg.office.khi@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com